قومی آواز

اے ایم یو کشن گنج سنٹر کا سب سے بڑا مسئلہ فنڈ کی کمی: سید احمد علی

بہار میں ہمیشہ بہار آتی رہی ہے اور اے ایم یو کا یہ سنٹر بھی ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرے گا، پروفیسر ارتضیٰ کریم

کشن گنج (نامہ نگار) اے ایم یو کے کشن گنج سنٹر کو اس مقام پر ہوئے چار سال ہو گئے ہیں۔ اس دوران اس نے اور اس کی کوچنگ نے کیا کھویا اور کیا پایا، اس کا جائزہ لینے کی کوشش کریں گے۔ یہ خیالات وہاں کے انچارج پروفیسر ارتضیٰ کریم نے پریس کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے ظاہر کیے۔ انہوں نے کہا کہ کشن گنج سنٹر میں مختلف کلاسز میں کل 135 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ کہا کہ ہیومن کوچنگ کے تحت 135 طلبہ کو مفت کوچنگ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سنٹر کے قیام کے وقت ہی یہ طے کر لیا گیا تھا کہ اس سنٹر کو ایک تناور درخت کی شکل دین